یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں۔

منجانب۔

سبیلِ سکینہؑ

پاکستان

Knowledge for All

SABIL-E-SAKINA

یا عباسؑ

۷۸۶

۹۲_۱۱۰

یا صاحب الزماں ادرکنیؑ

DvD Version

# لبیک یا حُسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی


## اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

NOT FOR COMMERCIAL




Presented by www.ziaraat.com

**سوال نمبر۱:** امام زمانہؑ کی والدہ گرامی کے نرجس خاتون کے علاوہ جن ناموں کا تذکرہ ہے، بیان کریں؟

**جواب:** صیقل، ریحانہ، سوسن۔

**سوال نمبر۲:** امام زمانہؑ کے پردادا کا نام بتایئے؟

**جواب:** امام محمد تقیؑ۔

**سوال نمبر۳:** امام مہدیؑ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاءؑ میں سے کس کے ہم نام ہیں؟

**جواب:** رسول اللہؐ کے۔

**سوال نمبر۴:** مشہور آیت قرآنی جو امام زمانہؑ کی حکومت کی دلیل کے طور پر پیش کی جاتی ہے۔"ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض.... آخر" یہ کس سورہ میں ہے؟

**جواب:** سورہ قصص۔

**سوال نمبر۵:** آیت اللہ صادق شیرازیؒ نے اپنی کتاب المہدی فی القرآن میں کتنی آیات قرآنی کتب اہل سنت کے حوالے سے امام زمانہؑ کے متعلق جمع کی ہیں؟

**جواب:** ۱۰۶ آیات۔

**سوال نمبر۶:** امام زمانہؑ اولاد حسینؑ میں سے کون سے نمبر کے امام ہیں؟

**جواب:** نویں۔

**سوال نمبر۷:** امام زمانہؑ کی کنیت کیا ہے؟

**جواب:** ابوالقاسمؑ۔

**سوال نمبر۸:** احادیث میں امام زمانہؑ کی جسمانی ساخت کس قوم کی مانند ذکر ہوئی ہے؟

**جواب:** بنی اسرائیل۔

**سوال نمبر۹:** نماز جنازہ میں پانچ تکبیریں ہوتی ہیں، کون سے دو آئمہؑ ایسے ہیں جن کی نماز جنازہ کے لئے سات تکبیریں وارد ہوئی ہیں؟

**جواب:** مولا علیؑ اور امام زمانہؑ۔

**سوال نمبر۱۰:** امام زمانہؑ جس وقت ظاہر ہوں گے تو وہ دیکھنے میں کتنی عمر کے محسوس ہوں گے؟

**جواب:** چالیس سال کے۔

**سوال نمبر۱۱:** روایات میں ظہور کے بعد امام زمانہؑ کا جہاد کتنے ماہ پر محیط ہوگا؟

**جواب:** آٹھ ماہ مسلسل۔

**سوال نمبر۱۲:** امام محمد تقیؑ نے زمانہ غیبت میں شیعوں کے لئے افضل ترین عمل کون سا بتایا ہے؟

**جواب:** انتظار ظہور امام زمانہؑ۔

**سوال نمبر۱۳:** امام حسن عسکریؑ کی شادی بی بی نرجس خاتونؑ سے کس امامؑ کی خواہش سے ہوئی؟

**جواب:** امام علی نقیؑ۔

**سوال نمبر۱۴:** بی بی نرجس خاتون کا ایک لقب "ملیکہ" کیوں ہے؟

**جواب:** کیوں کہ آپ میکہ اور سسرال دونوں کی طرف سے ملکہ ہیں، میکہ کے اعتبار سے شہنشاہ روم کی دختر ہیں اور سسرال کے لحاظ سے رسول خداؐ سے امام نقیؑ تک بارہ معصومینؑ کی بہو ہیں اور روئے زمین کے تاجدار کی ماں ہیں۔

**سوال نمبر۱۵:** نرجس خاتون کا سلسلۂ نسب کس نبی خدا کے وصی سے جا ملتا ہے؟

**جواب:** وصی حضرت عیسیٰؑ حضرت شمعون سے۔

**سوال نمبر۱۶:** نرجس خاتون کا دسویں امامؑ کے پاس آنے کا جو واقعہ ایک خاص صحابیؓ امام جو ابوایوب انصاریؓ کی اولاد سے تھے نقل ہوا ہے، اس صحابی کا نام بتایئے؟

**جواب:** بشر ابن سلیمان۔

**سوال نمبر۱۷:** بشر ابن سلیمان کس علاقے کے رہنے والے تھے؟

جواب: سامرہ۔

**سوال نمبر۱۸:** امام زمانہؑ کے بازو پر ولادت کے وقت کیا تحریر تھا؟

**جواب:** جاء الحق وزهق الباطل ، ان الباطل كان زهوقا.

**سوال نمبر۱۹:** حضرت حجتؑ نے ولادت کے بعد اپنی والدہ کے دامن عصمت میں کس سورہ کی تلاوت کی؟

**جواب:** سورہ قدر۔

**سوال نمبر۲۰:** امام زمانہؑ کی ولادت کے فوراً بعد گفتگو کی مثال کس نبی سے ملتی ہے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰؑ سے۔

**سوال نمبر۲۱:** تاریخ کی ایک اور عظیم ہستی جو ولادت سے بھی پہلے ماں سے خطاب کرتی تھی اس کا نام بتایئے؟

**جواب:** حضرت فاطمہ زہراؑ۔

**سوال نمبر۲۲:** حضرت امام حسن عسکریؑ نے امام زمانہؑ کی ولادت کے بعد کتنی مرتبہ ان کا عقیقہ کیا؟

**جواب:** ۳۰۰ مرتبہ۔

**سوال نمبر۲۳:** وہ واقعہ بتایئے جب پیغمبر لوگوں کے سامنے سے گزرے لیکن کسی کو نظر نہ آسکے؟

**جواب:** واقعہ شب ہجرت۔

**سوال نمبر۲۴:** امام حسن عسکریؑ کی شہادت کے وقت امام زمانہؑ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

**جواب:** پانچ سال تھی

**سوال نمبر۲۵:** امام زمانہؑ ایک موقع پر لوگوں کی کثیر تعداد کے سامنے ظاہر ہوئے وہ مشہور واقعہ کون سا تھا؟



Presented by www.ziaraat.com

**جواب:** امام حسن عسکریؑ کی شہادت پر ان کی نماز جنازہ پڑھانے کا واقعہ۔

**سوال نمبر ۲۶:** امام زمانہؑ نے اپنے چچا کو نماز جنازہ پڑھنے سے روکتے وقت کیا جملہ استعمال کیا؟

**جواب:** چچا پیچھے ہٹ جایئے، اپنے والد پر جنازہ پڑھانے کا آپ کی نسبت میں زیادہ حقدار ہوں۔

**سوال نمبر ۲۷:** غیبت کبریٰ کا آغاز کس سن سے ہوا؟

**جواب:** ۳۲۹ ہجری سے۔

**سوال نمبر ۲۸:** امام زمانہؑ کے چاروں نائبین کو مجموعاً کیا کہا جاتا ہے؟

**جواب:** نواب اربعہ۔

**سوال نمبر ۲۹:** غیبت صغریٰ میں جن جھوٹے لوگوں نے سفارت و نیابت کا دعویٰ کیا ان میں سے چند کے نام بتایئے؟

**جواب:** منصور حلاج ، محمد ابن علی شلمغانی ، محمد ابن نصیر نمیری۔

**سوال نمبر ۳۰:** امام زمانہؑ کی سب سے پہلے زیارت کرنے والی خوش نصیب شخصیت کا نام بتایئے؟

**جواب:** بی بی حکیمہ خاتون۔

**سوال نمبر ۳۱:** امام حسن عسکریؑ کی ایک کنیز بھی امام زمانہؑ کی زیارت سے مشرف ہوئی ان کا نام کیا تھا؟

**جواب:** نسیم۔

**سوال نمبر ۳۲:** امام علی نقیؑ کے کس صحابی نے امام زمانہؑ کے ہاتھ اور سر کا بوسہ لینے کا شرف حاصل کیا؟

**جواب:** ابراہیم ابن ادریس۔

**سوال نمبر ۳۳:** امام زمانہؑ سے منسوب سرداب یا تہ خانہ کتنے آئمہؑ کی عبادت گاہ رہا ہے؟

**جواب:** تین آئمہؑ کی (۱۰ویں، ۱۱ویں اور ۱۲ویں امامؑ)۔

**سوال نمبر ۳۵:** غیبت کبریٰ میں مرجعیت کا آغاز کس عالم دین سے شروع ہوا؟

**جواب:** حسن ابن علی ابن عقیل عمانی۔

**سوال نمبر ۳۶:** غیبت میں خود امام زمانہؑ نے کس عالم دین کو تین خط تحریر فرمائے؟

**جواب:** شیخ مفیدؒ کو۔

**سوال نمبر ۳۷:** شیخ مفیدؒ کو لکھے گئے خط میں امامؑ نے کس طرح کے اعمال کرنے کی تاکید کی ہے اور کن الفاظ میں کی ہے؟

**جواب:** آپ لوگوں میں ہر ایک کو صرف وہی اعمال کرنے چاہئیں جو آپ کو ہماری محبت سے قریب کریں اور ہر اس عمل سے اجتناب کرنا چاہیے جو آپ کو ہماری ناراضگی سے قریب کرے۔

**سوال نمبر ۳۸:** مولا علیؑ نے اپنے ایک خطبے میں امام زمانہؑ کی بہت سی چیزوں کو انبیاء سے منسوب کیا ہے، کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کس نبی خدا کی قمیض زیب تن کئے ہوں گے اور پاؤں میں نعلین پاک کس نبی محترم کی ہوگی؟

**جواب:** قمیض...... حضرت ابراہیمؑ کی اور جوتے...... حضرت شیثؑ کے۔

**سوال نمبر ۳۹:** ظہور امامؑ کی علامات میں سورج اور چاند گرہن کن تاریخوں میں اشارہ کیے گئے ہیں؟

**جواب:** سورج گرہن.......... ۱۵ رمضان اور چاند گرہن.......... ۲۵ رمضان۔

**سوال نمبر ۴۰:** علامات ظہور میں کچھ پرچموں کی آمد کا تذکرہ ہے ان پرچموں کا رنگ کیسا ہے؟

**جواب:** سیاہ۔

**سوال نمبر ۴۱:** علامات ظہور میں خراسان کا تذکرہ ملتا ہے یہ موجودہ جغرافیے کے اعتبار سے کہاں پایا جاتا ہے؟

**جواب:** یہ جگہ تین ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔ روس، ایران اور افغانستان

**سوال نمبر ۴۲:** امام زمانہؑ کے ظہور سے پہلے مسلسل بارشوں کا تذکرہ ہے یہ کس ماہ میں ہوئی ہیں؟

**جواب:** پورا جمادی الثانی اور رجب کے پہلے عشرہ میں۔

**سوال نمبر ۴۳:** امام صادقؑ نے کون سی علامات ظہور کو حتمی قرار دیا ہے؟

جواب: پانچ علامات کو۔ ۱، ۲۔ یمانی اور سفیانی کا خروج ۳۔ ندائے آسمانی ۴۔ وادی بیداء کا زمین میں دھنس جانا ۵۔ نفس ذکیہ کا قتل۔

**سوال نمبر ۴۴:** ندائے آسمانی کے لئے کس ماہ، تاریخ اور دن کا ذکر روایات میں آیا ہے؟

**جواب:** ۲۳ رمضان، شب جمعہ۔

**سوال نمبر ۴۵:** ندائے آسمانی کے الفاظ کیا ہوں گے؟

**جواب:** یقین کیجیے کہ حق علیؑ اور شیعیان علیؑ کے ساتھ ہے۔

**سوال نمبر ۴۶:** ندائے ابلیس کیا ہوگی؟

**جواب:** حق سفیانی اور اس کے شیعوں کے ساتھ ہے۔

**سوال نمبر ۴۷:** بہت سی روایتوں میں سفیانی کے نام کا ذکر ہوا ہے وہ بیان کریں؟

**جواب:** عثمان بن عنبسہ۔

**سوال نمبر ۴۸:** سفیانی کچھ مخصوص نام والوں کو قتل کرے گا وہ نام کون کون سے ہوں گے؟

**جواب:** محمد، علی، فاطمہ، حسن، حسین، جعفر، موسیٰ، زینب، خدیجہ، رقیہ۔

**سوال نمبر ۴۹:** نفسِ ذکیہ کی شہادت اور امامؑ کے ظہور میں کتنا فاصلہ ہوگا؟

**جواب:** ۱۵ دن کا۔



Presented by www.ziaraat.com

**سوال نمبر۵۰:** روایت میں اصحابِ امامؑ میں سندھ سے تعلق رکھنے والی شخصیت کا بھی ذکر آیا ہے ان کا نام کیا بتایا گیا ہے؟

**جواب:** عبدالرحمٰن۔

**سوال نمبر۵۱:** غیبت میں کون سی دعا کا پڑھنا اس بات کا سبب بنے گا کہ قبروں سے بوقتِ ظہور زندہ اٹھایا جائے گا؟

Aliwalay.com

**جواب:** دعائے عہد۔

**سوال نمبر۵۲:** سب سے پہلے امام زمانہؑ کے ہاتھ پر کون بیعت کرے گا؟

**جواب:** حضرت جبرائیلؑ۔

**سوال نمبر۵۳:** جبرائیلؑ کے بعد کون لوگ امام زمانہؑ کی بیعت کریں گے؟

**جواب:** امامؑ کے ۳۱۳ خاص اصحاب۔

**سوال نمبر۵۴:** کم از کم کتنا لشکر جمع ہونے پر امامؑ مکہ سے باہر نکلیں گے؟

**جواب:** کم از کم دس ہزار۔

**سوال نمبر۵۵:** امام زمانہؑ کے پاس کون کون سے تبرکات انبیاء ہوں گے؟

**جواب:** رسولِ خداؐ کا پرچم، حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی، حضرت موسیٰؑ کا عصا اور پتھر، پیغمبر اسلامؐ کی خون آلودہ قمیص جو جنگ احد میں آپؐ نے پہنی تھی، عمامہ، زرہ اور تلوار ، حضرت یوسفؑ کی قمیص۔

**سوال نمبر۵۶:** امام زمانہؑ ظہور کے بعد وہ اصلاحات جو مکہ میں کریں گے ان میں کم از کم چار بیان کریں؟

**جواب:** صرف واجب طواف کی لوگوں کو ہدایت، کعبہ کے خائن متولی بنی شیبہ کے لوگوں کو ہاتھ کاٹنا، مقام ابراہیمؑ کا اس کی اصل جگہ پر رکھنا، مسجد الحرام اور کعبہ کو اس کی اصل حد بندی تک لے جانا۔

**سوال نمبر۵۷:** کونسا شہر امام زمانہؑ کی حکومت کا دارالخلافہ ہوگا؟

**جواب:** کوفہ۔

**سوال نمبر۵۸:** سفیانی کو امام زمانہؑ کس جگہ شکست دیں گے؟

**جواب:** فلسطین میں۔

**سوال نمبر۵۹:** حضرت عیسیٰؑ کس جگہ نزول کر کے امام زمانہؑ کے ہاتھوں پر بیعت کریں گے؟

**جواب:** ایک روایت کے مطابق فلسطین کے "لُد" نامی شہر کے ہر دروازے پر، دوسری روایت میں دمشق کا ذکر ہے۔

**سوال نمبر۶۰:** دجّال کو کون قتل کرے گا؟

**جواب:** ایک روایت کے مطابق امام زمانہؑ حضرت عیسیٰؑ کو دجال کے قتل کا حکم دیں گے۔

**سوال نمبر۶۱:** امام زمانہؑ یہودیوں کو کیا چیز دکھا کر حلقہ بگوشِ اسلام کریں گے؟

**جواب:** غیر محرّف توریت کے وہ نسخے جو بعض پہاڑوں میں دفن ہیں، نکال کر دکھائیں گے جس سے تمام یہودی ایمان لے آئیں گے۔

**سوال نمبر۶۲:** وہ کون ہیں جنھوں نے امام زمانہؑ کی زیارت کے شوق میں بیس مرتبہ حج کیا اور بالآخر کامیاب ہو گیا؟

**جواب:** علی بن مہزیار اہوازی۔

**سوال نمبر۶۳:** بی بی نرجس خاتونؑ قیصرِ روم کی کون تھیں؟

**جواب:** نواسی۔

**سوال نمبر۶۴:** امام حسن عسکریؑ اور بی بی نرجس خاتونؑ کا خطبہ عقد کس نے پڑھایا؟

**جواب:** پیغمبر اکرمؐ نے۔

**سوال نمبر۶۵:** امام علی نقیؑ نے بی بی نرجس خاتونؑ کو لانے کی ذمہ داری کس کو سونپی تھی؟

**جواب:** بشر ابن سلیمان کو۔

**سوال نمبر۶۶:** بشر ابن سلیمان کس صحابیٔ رسولؐ کے نواسے تھے؟

**جواب:** جناب ابو ایوب انصاریؓ۔

**سوال نمبر۶۷:** بی بی حکیمہؑ کا خاتون امام نقیؑ، امام جوادؑ اور امام حسن عسکریؑ سے کیا رشتہ تھا؟

**جواب:** امام نقیؑ کی بہن، امام جوادؑ کی بیٹی اور امام حسن عسکریؑ کی پھوپھی تھیں۔

**سوال نمبر۶۸:** امام زمانہؑ نے ولادت کے فوراً بعد قرآن کریم کی کون سی آیت کی تلاوت کی؟

**جواب:** سورۂ قصص کی آیت نمبر ۵۔

**سوال نمبر۶۹:** غیبت صغریٰ کا کل دورانیہ کتنا تھا؟

**جواب:** ۷۴ سال۔

**سوال نمبر۷۰:** امام زمانہؑ کی طرف سے جو پیغام تحریری طور پر آئے انھیں کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** توقیع۔

**سوال نمبر۷۱:** امام زمانہؑ کی اقتدا میں نماز پڑھنے والوں میں سب سے پہلی صف کے نمازیوں میں کون کون سے انبیاء شامل ہوں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰؑ، حضرت خضرؑ اور حضرت الیاسؑ۔

**سوال نمبر۷۲:** سفیانی کس کی اولاد سے ہوگا؟

**جواب:** سفیانی، یزید بن معاویہ کی اولاد سے ہوگا۔

**سوال نمبر۷۳:** سید حسنی کا نسب کون سے امام سے ملتا ہوگا؟

**جواب:** امام حسن مجتبیٰؑ۔

**سوال نمبر۷۴:** سید حسنی کا تعلق کس علاقے سے ہوگا؟

**جواب:** ایران کے شہر قزوین سے۔

**سوال نمبر۷۵:** امام زمانہؑ کا حقیقی انتظار کرنے والوں کا رتبہ کیا ہے؟

**جواب:** اگر کوئی صمیم قلب کے ساتھ امام زمانہؑ کے دیدار کی تمنا رکھتا ہو اور اسی تمنا کے



Presented by www.ziaraat.com

ساتھ دنیا سے چلا جائے تو وہ گویا ایسا ہے کہ جیسے امام زمانہ کے مقدس خیمے موجود ہے اور امام زمانہؑ کے ساتھ راہ خدا میں شہید ہوا ہو۔

**سوال نمبر۷۶:** کیا اصحاب کہف بھی نصرت امام زمانہؑ کے لئے آئیں گے؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال نمبر۷۷:** زمانہ غیبت میں امام زمانہؑ کی تنہائی کو کون دور کرتا ہے؟

**جواب:** حضرت خضرؑ۔

**سوال نمبر۷۸:** امام زمانہؑ کی عمر مبارک اس وقت کتنی ہے؟

**جواب:** 1174 سال۔

**سوال نمبر۷۹:** امام زمانہؑ کس دن ظہور فرمائیں گے؟

**جواب:** عاشور بروز جمعہ ظہور فرمائیں گے۔

**سوال نمبر۸۰:** امام زمانہؑ کو "قائم" کیوں کہا جاتا ہے؟

**جواب:** امام زمانہؑ، امام حسینؑ کے قاتلوں سے انتقام لیں گے اور ان کے خلاف قیام کریں گے اس لئے آپ کو قائم کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر۸۱:** کون سے عالم امام زمانہؑ کی دعا سے پیدا ہوئے؟

**جواب:** شیخ صدوقؒ۔

**سوال نمبر۸۲:** کیا امامؑ کے دور حکومت میں ذرائع آمد و رفت مثلاً سڑکوں وغیرہ پر خاص توجہ دی جائے گی؟

**جواب:** جی ہاں، اور کسی راستے میں مسجد بھی آئے گی تو اس کا بھی خیال نہ کیا جائے گا۔

**سوال نمبر۸۳:** معراج پر کن الفاظ میں خدا نے امام زمانہؑ کا تذکرہ کیا؟

**جواب:** اللہ نے حضور اکرمؐ سے فرمایا: "میں امام قائمؑ کے ذریعے اپنی زمین کو تسبیح و تقدیس وتہلیل وتکبیر سے آباد کروں گا۔

**سوال نمبر۸۴:** کیا امام زمانہؑ کو اصل نام سے یاد کرنا منع ہے؟

**جواب:** جی ہاں روایات میں منع کیا گیا ہے کہ امام زمانہؑ کو ان کے اصلی نام (م،ح،م،د) سے نہ پکارا جائے۔ البتہ نام لینا حرام نہیں ہے۔

**سوال نمبر۸۵:** تاریخ اسلام میں خاندان عصمت کی خواتین کو طلب کرنے والے حاکم کون کون تھے؟

**جواب:** یزید ابن معاویہ، معتمد ابن متوکل۔

**سوال نمبر۸۶:** امام زمانہؑ کا سن ولادت عیسوی اور ہجری کیلنڈر کے اعتبار سے کیا ہے؟

**جواب:** ۸۶۹ عیسوی ، ۲۵۵ ہجری۔

**سوال نمبر۸۷:** کیا امام زمانہؑ کا کوئی بہن یا بھائی ہے؟

**جواب:** جی نہیں آپ امام حسن عسکریؑ کی پہلی اور آخری اولاد ہیں۔

**سوال نمبر۸۸:** کس کتاب نے سب سے پہلے امام زمانہؑ کی حکومت کی بشارت دی؟

**جواب:** توریت نے۔

**سوال نمبر۸۹:** امام زمانہؑ کو قائم کا لقب کس نے دیا؟

**جواب:** امام زمانہؑ کو یہ لقب خدا نے دیا۔ (واقعہ معراج کی احادیث میں پروردگار عالم کی طرف سے یہ لقب عطا ہوا)۔

**سوال نمبر۹۰:** ہفتہ کا کون سا دن امام زمانہؑ سے مخصوص ہے؟

**جواب:** جمعہ۔

**سوال نمبر۹۱:** زیارت ناحیہ کس امامؑ سے روایت ہوئی ہے؟

**جواب:** امام زمانہؑ سے۔

**سوال نمبر۹۲:** نواب اربعہ کی قبریں کہاں ہیں؟

**جواب:** بغداد (عراق) میں۔

**سوال نمبر۹۳:** کیا مسئلہ غیبت صرف امامؑ سے منسوب ہے؟

**جواب:** جی نہیں، بلکہ گزشتہ انبیاء میں بھی غیبت کے نمونے موجود ہیں۔

**سوال نمبر۹۴:** سب سے پہلے مہدی ہونے کا دعویٰ کس نے کیا؟

**جواب:** بنی عباس کے پہلے خلیفہ سفاح نے۔

**سوال نمبر۹۵:** میں امام زمانہؑ کی کوئی حدیث بتایئے؟

**جواب:** امام زمانہؑ کا ایک فرمان ہے: "نئے مسائل میں ہمارے علوم کے حامل افراد سے رجوع کرو کیوں کہ وہ میری طرف سے تم پر حجت ہیں اور میں خدا کی طرف سے تم پر حجت ہوں"۔

**سوال نمبر۹۶:** امام زمانہؑ کا نام کس نے رکھا تھا؟

**جواب:** جناب رسول خدا نے۔

**سوال نمبر۹۷:** امام زمانہؑ سے کتنی توقیعات نقل ہوئی ہیں؟

**جواب:** ۸۰۔

**سوال نمبر۹۸:** امام زمانہؑ کے القاب خصوصاً "القائم" اور "قائم آل محمدؐ" سن کر ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** بہتر ہے کہ احترام میں تعظیماً کھڑے ہو جائیں۔

**سوال نمبر۹۹:** عیسوی کیلنڈر کے اعتبار سے امام زمانہؑ کی ولادت کیا ہے؟

**جواب:** ۲۹ جولائی۔

**سوال نمبر۱۰۰:** شہادت امام حسن عسکریؑ کے وقت حکمران کون تھا؟

**جواب:** معتمد ابن متوکل۔

**سوال نمبر۱۰۱:** امام زمانہؑ کی مخصوص نشست گاہیں کون کون سی ہیں؟

**جواب:** ۱۔ مسجد جمکران ۲۔ مسجد کوفہ ۳۔ نجف کے وادی السلام میں مقام صاحب الامرؑ ۵۔ حلہ میں مقام صاحب الامرؑ



Presented by www.ziaraat.com

**سوال نمبر ۱۰۲:** کیا امام زمانہؑ کو اپنے ظہور کا حتمی وقت معلوم ہے؟

**جواب:** خدا اور امام زمانہؑ ہی بہتر جانتے ہیں۔

**سوال نمبر ۱۰۳:** امام زمانہؑ کو کس طرح ظہور کا علم ہوگا؟

**جواب:** امام زمانہؑ کے پاس جو تلوار اور علم ہے وہ گویا ہوں گے کہ اے ولی خدا قیام کرو اور خدا کے دشمنوں کو قتل کرو۔

**سوال نمبر ۱۰۴:** ظہور کے بعد امام زمانہؑ کا پہلا جملہ کیا ہوگا؟

**جواب:** سورۂ ھود آیت نمبر ۸۶۔

**سوال نمبر ۱۰۵:** کیا امام زمانہؑ گزشتہ آسمانی کتابوں کی بھی تلاوت کریں گے؟

**جواب:** جی ہاں امام زمانہؑ حضرت آدمؑ، حضرت شیثؑ، کے صحیفوں کی تلاوت کے ساتھ ساتھ توریت، زبور، انجیل اور قرآن مجید کی بھی تلاوت کریں گے۔

**سوال نمبر ۱۰۶:** سید حسنی، امام زمانہؑ سے کن تبرکات کے بارے میں پوچھیں گے (چار بتایئے)؟

**جواب:** رسولؐ خدا کا عمامہ، عصا اور لباس کہاں ہے اور مولا علیؑ کے ہاتھ جمع کیا ہوا قرآن کہاں ہے؟

**سوال نمبر ۱۰۷:** امام زمانہؑ کے اصحاب کس طرح اپنی بھوک و پیاس مٹائیں گے؟

**جواب:** امام زمانہؑ حضرت عیسیٰؑ کا عصا زمین پر ماریں گے تو ۱۲ چشمیں جاری ہو جائیں گے۔ امام زمانہؑ کے اصحاب اُس سے اپنی بھوک و پیاس مٹائیں گے۔

**سوال نمبر ۱۰۸:** امام زمانہؑ کے وزیر کون کون ہوں گے؟ نام بتایئے۔

**جواب:** حضرت عیسیٰؑ، اصحاب کہف، حضرت یوشعؑ (وصی حضرت موسیٰؑ)۔ سلمان فارسیؓ، مالک اشتر اور مومن آلِ فرعون۔

**سوال نمبر ۱۰۹:** امام زمانہؑ کی فوج کے سالار کون کون ہوں گے؟

**جواب:** شعیب بن صالح، امام جعفر صادقؑ کے فرزند حضرت اسماعیل، حضرت عقیل، اور امام جعفر صادقؑ کے صحابی مفضل ابن عمر۔

**سوال نمبر ۱۱۰:** روایات میں امام زمانہؑ کی مدت حکومت زیادہ سے زیادہ کتنی بیان ہوئی ہے؟

**جواب:** ۳۰۹ سال۔

**سوال نمبر ۱۱۱:** ۱۵ رمضان کو آنے والی ندائے آسمانی کو سننے کے فوراً بعد کون سا عمل رسولؐ خدا نے ادا کرنے کو بیان فرمایا ہے؟

**جواب:** اپنے گھروں میں داخل ہو جاؤ دروازوں، کھڑکیوں، سوراخوں کو بند کر دو اور خود کو چھپالو، اپنے کانوں کو بند کر لو اور جب تم اس آواز کا احساس کر لو کہ وہ آواز آگئی ہے تو فوراً سجدے میں گر پڑو اور پڑھ کرنا شروع کرو۔

"سبحان القدوس سبحان القدوس"

**سوال نمبر ۱۱۲:** کیا ندائے آسمانی کا ذکر امام زمانہؑ کی توقیعات میں بھی ملتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال نمبر ۱۱۳:** توقیعات میں ندائے آسمانی کا ذکر کن الفاظ میں ملتا ہے؟

**جواب:** امام زمانہؑ نے فرمایا کہ: "آگاہ ہو جاؤ کہ جو بھی خروج سفیانی اور ندائے آسمانی سے پہلے مجھ سے ملاقات کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہوگا"۔

**سوال نمبر ۱۱۴:** ندائے آسمانی کی خاص پہچان کیا ہوگی؟

**جواب:** ندائے آسمانی میں امام قائمؑ کا اور ان کے والد کا نام ہوگا۔

**سوال نمبر ۱۱۵:** امام زمانہؑ کا غسل وکفن کون سی عظیم ہستی کرے گی؟

**جواب:** اما حسینؑ ۔

**سوال نمبر ۱۱۶:** آخری زمانے کی علامات کی روایات میں کون سے شیطان کا ذکر ہے کہ وہ عمارتوں کی چھتوں پر بیٹھا ہوگا؟

**جواب:** روایات میں "الہنیا" کا لفظ آیا ہے۔

**سوال نمبر ۱۱۷:** آخری زمانے کی روایات میں کیا یہ بھی ملتا ہے کہ لوگ آلات موسیقی کو جیب میں ڈال کر گھوما کریں گے؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال نمبر ۱۱۸:** کیا امام زمانہؑ ہر سال حج پر ضرور جاتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال نمبر ۱۱۹:** نفسِ ذکیہ کے کون کون سے رشتہ داروں کو بھی شہید کیا جائے گا؟

**جواب:** نفسِ ذکیہ کے بھائی کو مدینہ میں اور بہن کو بھی انتہائی مظلومانہ انداز میں شہید کیا جائے گا۔

**سوال نمبر ۱۲۰:** امام زمانہؑ کو کون شہید کرے گا؟

**جواب:** کچھ ضعیف روایات میں ملتا ہے کہ قبیلہ بنی تمیم کی ایک عورت جس کا نام "سعیدہ" ہوگا۔

**سوال نمبر ۱۲۱:** آخری زمانے کی روایات میں عورتوں کے لباس کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

**جواب:** عورتیں جسم چھپانے کے لئے نہیں بلکہ جسم ظاہر کرنے کے لئے کپڑے پہنیں گی

**سوال نمبر ۱۲۲:** آخری زمانے کی علامات کی روایات میں "خط و کتابت" کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

**جواب:** روایات میں ملتا ہے کہ خط و کتابت انسانی ہتھیلیوں پر کی جائے گی۔

**سوال نمبر ۱۲۳:** کیا ایسے شخص کو جھٹلایا جائے جو ظہورِ امامؑ کا وقت معین کرے؟

**جواب:** جی ہاں۔



Presented by www.ziaraat.com

**سوال نمبر ۱۲۴:** کیا جنگ کے بعد سفیانی کو زندہ گرفتار کیا جائے گا؟

جواب: جی ہاں۔

**سوال نمبر ۱۲۵:** اصحاب امامؑ کس وقت سفیانی کو گرفتار کر کے امامؑ کے سامنے پیش کریں گے؟

**جواب:** اس وقت امام زمانہؑ نماز عشاء پڑھ رہے ہوں گے۔

**سوال نمبر ۱۲۶:** کیا سفیانی کے قتل کے بعد تمام فتنے ختم ہو جائیں گے؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال نمبر ۱۲۷:** وادیٔ بیدا کہاں واقع ہے؟

**جواب:** مکہ و مدینہ کے درمیان۔

**سوال نمبر ۱۲۸:** کیا سفیانی کا لشکر اپنے تمام جنگی ساز و سامان کے ساتھ کہاں زمین میں دھنس جائے گا؟

**جواب:** وادیٔ بیدا میں۔

**سوال نمبر ۱۲۹:** وادیٔ بیدا میں غرق ہوئے سفیانی کے لشکر میں سے کتنے افراد بچیں گے؟

**جواب:** دو...... ایک امامؑ کو خبر دے گا، دوسرا سفیانی کو۔

**سوال نمبر ۱۳۰:** ظہور کے بعد امامؑ کا پہلا ہدف کیا ہوگا؟

**جواب:** قبلۂ اوّل کی آزادی۔

**سوال نمبر ۱۳۱:** کیا سفیانی بظاہر مسلمانوں میں سے ہوگا؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال نمبر ۱۳۲:** کیا امامؑ آج کل بالکل اکیلے ہیں؟

**جواب:** جی نہیں روایات میں ملتا ہے کہ ۳۰ افراد کی جماعت ہر وقت امامؑ کے ساتھ رہتی ہے۔

**سوال نمبر ۱۳۳:** دس ہزار کا لشکر جمع ہو جانے کے بعد امام زمانہؑ مکہ سے باہر نکلیں گے؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال نمبر ۱۳۴:** امام زمانہؑ اپنے ماننے والوں سے کن کن باتوں کا عہد لیں گے؟

**جواب:** ۱۔ غیبت نہ کرنے کا۔

۲۔ ضرورت سے زیادہ مال نہ جمع کرنے کا۔

۳۔ قناعت کرنے کا۔

۴۔ لالچ نہ کرنے کا۔

۵۔ سادہ زندگی گزارنے کا۔

۶۔ خوشبو کے استعمال کا۔

۷۔ نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کا۔

**سوال نمبر ۱۳۵:** امامؑ خود اپنے آپ سے کیا عہد لیں گے؟

**جواب:** ۱۔ جیسا لباس تم پہنو گے، میں بھی ویسا ہی پہنوں گا۔

۲۔ جیسی زندگی تم گزارتے ہو، میں بھی ویسی ہی گزاروں گا۔

۳۔ جیسی سواری تمہارے پاس ہوگی، ویسی ہی سواری میرے پاس ہوگی۔

۴۔ جس کا جب دل چاہے، مجھ سے رابطہ کر سکتا ہے۔

**سوال نمبر ۱۳۶:** حضرت عیسیٰؑ یہودیوں اور عیسائیوں کو قائل کرتے وقت کون سی آیت پڑھیں گے؟

**جواب:** وانا من اهل الكتاب الا ليؤمنن به "کوئی اہل کتاب ایسا نہ ہوگا سوائے اس کے کہ وہ ایمان لے آئے گا"۔

**سوال نمبر ۱۳۷:** روایات میں نزول حضرت عیسیٰؑ کے وقت ان کا حلیہ مبارک کیا بیان کیا گیا ہے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰؑ ابراہیمؑ کی شکل کے مشابہ ہوں گے + سرخ لباس + کنگھی کی ہوئی ہوگی + بالوں میں پانی کے قطرات ہوں گے۔

**سوال نمبر ۱۳۸:** امام زمانہؑ توریت اور انجیل کے غیر تحریف شدہ نسخے کہاں سے نکالیں گے؟

**جواب:** انطاکیہ کے پہاڑوں سے۔

**سوال نمبر ۱۳۹:** حضرت عیسیٰؑ ظہور امامؑ کے کتنے سال بعد تک زندہ رہیں گے؟

**جواب:** ظہور امام زمانہؑ کے چالیس سال بعد تک۔

**سوال نمبر ۱۴۰:** حضرت عیسیٰؑ کی تجہیز و تکفین کون کرے گا؟

**جواب:** خود امام زمانہؑ کریں گے۔

**سوال نمبر ۱۴۱:** حضرت عیسیٰؑ کو کس کپڑے کا کفن دیا جائے گا؟

**جواب:** اس اونی کفن کا کپڑا دیا جائے گا، جسے حضرت مریمؑ نے خود اپنے ہاتھوں سے بنا تھا۔

**سوال نمبر ۱۴۲:** حضرت عیسیٰؑ کو کہاں دفن کیا جائے گا؟

**جواب:** حضرت مریمؑ کی قبر کے نزدیک بیت المقدس میں۔

**سوال نمبر ۱۴۳:** امام زمانہؑ کے اہل خانہ کی رہائش کہاں ہوگی؟

**جواب:** مسجد سہلہ کے اطراف کے علاقے میں۔

**سوال نمبر ۱۴۴:** امام زمانہؑ نماز جمعہ کس شہر میں پڑھائیں گے؟

**جواب:** کوفہ میں۔

**سوال نمبر ۱۴۵:** امام زمانہؑ کہاں ایک ہزار دروازوں کی مسجد بنوائیں گے؟

**جواب:** کوفہ میں۔

**سوال نمبر ۱۴۶:** روایات میں وہ کون سے تین اعمال بتائے گئے ہیں جن کے کرنے سے امام زمانہؑ ہماری طرف متوجہ ہوتے ہیں؟

Aliwalay.com



Presented by www.ziaraat.com

**جواب:** نمازِ شب پڑھنا، زیارت جامعہ پڑھنا، زیارتِ عاشورہ پڑھنا۔

**سوال نمبر ۱۴۷:** امامؑ کے دورِ حکومت میں کیا بے گھر افراد کو گھر دیئے جائیں گے؟

**جواب:** جی ہاں بے گھر افراد کو یہ اجازت ہوگی کہ وہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے جہاں چاہیں گھر بنالیں جو گھر بنانے کے قابل نہ ہوگا اسے حکومت کی طرف سے گھر دیا جائے گا۔

**سوال نمبر ۱۴۸:** رجعت اختیاری ہوگی یا اجباری۔؟

**جواب:** رجعت ظالمین کیلئے اجباری (جبراً) اور مومنین کیلئے اختیاری ہوگی۔

**سوال نمبر ۱۴۹:** امامؑ کے دورِ حکومت میں خرید وفروخت کے لئے کرنسی کے بجائے کون سی چیز استعمال ہوگی؟

**جواب:** بعض روایات میں ہے کہ درود کرنسی کے بجائے استعمال ہوگا۔ جس چیز کی جتنی قیمت ہوگی اس کے مطابق درود پڑھنا پڑے گا۔

**سوال نمبر ۱۵۰:** کیا بعض علماء کے نزدیک امامؑ کا ظہورِ صغریٰ ہو چکا ہے؟

**جواب:** جی ہاں۔

## غیبتِ امامِ زمانہؑ میں ہماری ذمہ داریاں

۱۔ امام زمانہؑ کی مظلومیت اور اپنی رعیت دور ہونے پر غمگین اور افسردہ رہنا (گریہ کرنا)۔

۲۔ امامؑ کے ظہور اور آپ کے فرج وقت کا انتظار کرنا۔

۳۔ امامؑ خدا کی حکمت و مصلحت کے تحت غائب ہیں، اس لئے یہ کبھی نہیں کہنا کہ ظہور کیوں نہیں ہو رہا ہے اب تو ظلم اتنا بڑھ گیا ہے۔ اعتراض کے طور پر زبانِ شکوہ نہ کھولی جائے۔

۴۔ مال کے ذریعے امامؑ کے ساتھ اپنے تعلق کا اظہار کرنا۔ یعنی آپ کی نیابت میں آپ کے دوستوں، چاہنے والوں پر اور اسلام کی تقویت کے لئے مال خرچ کرنا۔

۵۔ خدا سے دعا مانگنا کہ امامؑ کی معرفت نصیب ہو۔

۶۔ امام زمانہؑ کی صفات کو جاننا اور ہر حالت میں آپؑ کی نصرت و مدد کے لئے آمادہ رہنا۔

۷۔ درج ذیل دعا کا ورد رکھنا۔

**یا الله یا رحمن یا رحیم یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک**

اے اللہ! اے رحمان! اے رحیم! اے دلوں کے پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ۔

۸۔ اگر استطاعت ہو تو عیدِ قربان پر امام زمانہؑ کی نیابت میں قربانی کرنا + حج کرنا + طوافِ کعبہ کرنا + عمرہ بجالانا۔

۹۔ امامؑ کو اُن کے اصلی نام سے نہ پکارنا (م۔ح۔م۔د) بلکہ القاب سے یاد کرنا۔

۱۰۔ جب امامؑ کا نام یا لقب پکارا جائے خصوصاً ''قائمؑ'' تو احتراماً کھڑے ہو جانا۔

۱۱۔ دشمنانِ خدا سے مقابلے کے لئے اسلحہ وغیرہ آمادہ رکھنا۔

۱۲۔ مشکلات میں امامؑ کو وسیلہ قرار دینا اور آپؑ کی خدمت میں اپنی حاجات پر مشتمل عریضہ ارسال کرنا۔

۱۳۔ خدا سے سوال کرتے وقت خداوند کو امام زمانہؑ کے حق کی قسم دینا۔

۱۴۔ دنیا داروں سے زیادہ میل جول اور آمد و رفت نہ رکھنا۔

۱۵۔ امامؑ پر درود و سلام زیادہ سے زیادہ بھیجنا۔

۱۵۔ امامؑ پر درود و سلام زیادہ سے زیادہ بھیجنا۔






Presented by www.ziaraat.com

۱۶۔ امامؑ کے فضائل وکمالات کو بہت زیادہ بیان کرنا۔

۱۷۔ امامؑ کے جمالِ مبارک کی زیارت کا اشتیاق رکھنا اور اس شوق کا اظہار کرتے رہنا۔

۱۸۔ لوگوں کو امامؑ کی معرفت کے لئے آمادہ کرتے رہنا۔

۱۹۔ اپنے نیک اعمال امامؑ کو ہدیہ کرنا۔ مثلاً تلاوتِ قرآن، درود، زیارت معصومینؑ اور مجلس و ماتم داری کا ثواب وغیرہ۔

۲۰۔ آپؑ کے ظہور میں تعجیل اور آپؑ کی سلامتی کے لئے دعا کرنا۔

۲۱۔ علماء کا اپنے علم کو ظاہر کرنا اور ناواقف وجاہلوں کو سکھانا۔

۲۲۔ امامؑ کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرنا (مثلاً خمس)۔

۲۳۔ امامؑ کے انصار و مددگار اور آپؑ کے، مقصد کے لئے کام کرنے والوں کی کامیابی اور ان کی صحت وسلامتی کے لئے دعا کرنا۔

۲۴۔ امامؑ کے دشمنوں اور آپؑ کے مقصد وپروگرام کے مخالفین پر نفرین کرنا۔

۲۵۔ جب امامؑ کے لئے مجالس ومحافل میں دعا مانگی جائے تو بلند آواز سے دعا مانگنا۔

۲۶۔ جب بھی موقع ملے امامؑ کے ساتھ تجدید بیعت کرنا۔ بیعت کی نیت سے اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھ کر کہنا کہ اے امامؑ میں آپ کا مومن ہوں، میری اُس سے جنگ ہے، جس سے آپؑ کی جنگ ہوگی۔ میں آپؑ کے مقصد کی خاطر کام کرنے والوں کی حمایت کا اعلان کرتا ہوں۔

۲۷۔ امامؑ کی نیابت میں امام حسینؑ اور دیگر آئمہؑ کے مزاروں پر جا کر زیارت پڑھنا یا کسی کو نائب بنا کر بھیجنا۔

۲۸۔ غیبتِ امامؑ کے طولانی ہونے پر مایوسی کو اپنے قریب نہ آنے دینا۔

۲۹۔ اگر کوئی غیبت کبریٰ میں امامؑ کا نائب خاص ہونے کا دعویٰ کرے تو اسے جھٹلانا۔

۳۰۔ ظہورِ امامؑ کا وقت معیّن نہ کرنا۔

۳۱۔ دشمنوں سے چوکنا رہنا۔

۳۲۔ یہ دعا کرتے رہنا کہ خدایا مجھے ایمان کی حالت میں امامؑ سے ملاقات نصیب فرمانا۔

۳۳۔ امام زمانہؑ کو ہر وقت یاد رکھنے کے لئے بچوں، کمپنیوں، اداروں، مساجد اور اجتماعات کی جگہوں کے نام امام زمانہؑ کے القاب میں سے کسی لقب پر رکھنا۔

۳۴۔ امام زمانہؑ کے مقصد کی ترویج کے لئے کچھ افراد کا اپنے آپؑ کو وقف کر دینا۔

**۳۵۔ گناہوں سے توبہ کرنا اور اسلامی احکام پر سختی سے کاربند رہنا۔**



Presented by www.ziaraat.com




# کہاں ھے۔؟

کہاں ھے خدا کا آخری نمائندہ کہاں ھے ظالموں کی جڑیں کاٹنے والا کہاں ھے وہ امید گاہ جو ظلم و ستم کو مٹائے
کہاں ھے فرائض و سنن کو زندہ کرنے والا کہاں ھے وہ جو انتظار میں ہے کہ ٹیڑھے کو سیدھا اور نادرست کو درست کرے
کہاں ھے دین اور اہلِ دین کے طریقے روشن کرنے والا کہاں ھے گمراہی اور تفرقے کی شاخیں کاٹنے والا
کہاں ھے جھوٹ اور بہتان کی رگیں کاٹنے والا کہاں ھے دوستوں کو باعزت اور دشمنوں کو ذلیل کرنے والا
کہاں ھے سب کو تقویٰ پر جمع کرنے والا کہاں ھے زمین و آسمان کے پیوست رہنے کا وسیلہ، یوم فتح کا حکمران
کہاں ھے ہدایت کا پرچم لہرانے والا کہاں ھے خونِ حسین علیہ السلام کا مدعی ، کہاں ھے ۔۔۔۔؟؟؟؟؟

## میرے مولا علیہ السلام

مجھ پر گراں ہے کہ ساری مخلوق کو دیکھوں مگر آپؑ کو نہ دیکھ پاؤں ۔ نہ آپؑ کی آہٹ سنوں اور نہ سرگوشی ۔
آپؑ غائب ضرور ہیں مگر ہم سے دور نہیں ۔ میرے مولاؑ کس طرح آپؑ سے بات کروں ۔
میرے مولاؑ آخر کب ہمارا آج کا دن آپؑ کے کل سے ملے گا ۔ میرے مولاؑ کب ہم خوش ہوں گے ۔
کب آخر ہم آپؑ کے چشمۂ شیریں سے پیاس بجھائیں گے ۔۔۔۔؟؟؟؟؟

Presented by www.ziaraat.com